© rasailojaraid.com



# ہماری نظر میں......

کتاب: ''مغرب اور عالم اسلام کی فکری وتہذیبی کشمکش''

مصنف: مولانا محمد عیسیٰ منصوری

ناشر: ورلڈ اسلامک فورم

پتہ: ندوۃ المعارف-۱۳-کبیر اسٹریٹ اردو بازار لاہور

مولانا محمد عیسیٰ منصوری صاحب اسلامی فکر اور اسلامی درد رکھنے والے ان علماء دیں میں سے ہیں جو امت مسلمہ کی بیداری کے سلسلہ میں شب وروز معروف رہتے ہیں۔ اس کتابچہ میں جو 92 صفحات پر مشتمل ہے آٹھ عنوانات کے تحت مقالات کو جمع کر کے شائع کیا گیا ہے' جو اس دور میں مسلمانوں کو رہنمائی دیں گے۔ چند عنوانات یہ ہیں:

☆ مغربی افکار ونظریات اور ان کا تاریخی پس منظر ☆ نئے عالمی نظام کے خوشنما مقاصد ☆ مغربی میڈیا اور عالم اسلام ☆ روحانیت مغرب کا سب سے بڑا بحران ☆ مغرب میں اسلام کا مستقبل ☆ جدید نظریاتی چیلنج اور علماء کرام

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کتاب: منشور قرآن

مصنف: عبدالحکیم ملک

ناشر: اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن 9- رحیم آباد علی پور روڈ- مظفرہ گڑھ پاکستان

قرآن مجید کی تعلیمات اور اس کے انوار سے استفادہ کرنے کے لئے امت مسلمہ ہر دور میں بڑی کاوشیں کرتی رہی ہے۔ اہل فکر ونظر نے کئی تحقیقی کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ مختلف زبانوں میں تراجم اور تفاسیر کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ مگر جناب عبدالحکیم ملک صاحب نے قرآن مجید کی موضوعاتی فہرست جو منشور قرآن کے نام سے اب دنیا کے سامنے پیش کی ہے وہ ایک عظیم نادر اور مثالی کارنامہ ہے۔ تین زبانوں عربی، انگلش اور اردو میں ان کی یہ تحقیق اور کاوش حیرت انگیز بھی ہے اور قابل تحسین بھی۔ بارہ سو سے زیادہ صفحات پر مشتمل یہ کتاب علماء اور طلبہ کے لئے ایک عظیم تحفہ ہے۔ اس لئے بھرپور استفادہ کیا جائے اور قرآنی انوار سے قلوب کو منور کیا جائے۔



© rasailojaraid.com